# پیغام مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی ☆ دامت برکاتہم

## (صدر عالمی رابطہ ادب اسلامی برصغیر وممالک شرقیہ)

الحمد لله، والصلاة والسلام على خاتم رسوله سيدنا محمد بن عبدالله، أما بعد: محترم حضرات! میں رابطہ ادب اسلامی برائے جمہوریہ پاکستان کے ذمہ داروں کو اس مذاکرۂ علمی کے انعقاد پر اپنے مخلصانہ احساسات پیش کرتا ہوں، اس مذاکرۂ علمی میں مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر مقالات پیش کئے جائیں گے۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے ادب اسلامی کی وضاحت، تقویت اور ترقی کے لئے جو فکرمندی ظاہر کی اور اس سلسے میں جو ممکنہ کوشش کی وہ نہ صرف یہ کہ لائق قدر تھی، بلکہ اس کے لئے عالم اسلامی کے اسلامی الفکر حلقوں سے عملاً خاصی قدر دانی کا اظہار بھی ہوا، جو نمایاں طور پر رابطہ ادب اسلامی نام کے موقر اور عالمی ادارہ کی تشکیل کی صورت میں ہوا اور مولانا رحمۃ اللہ علیہ اس کے اول اور تاحیات صدر منتخب ہوئے۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ اس کے تمام جلسوں اور مجالس مذاکرہ کی برابر سرپرستی فرماتے رہے اور ان میں علمی شرکت بھی فرماتے رہے، اور رابطہ ادب اسلامی کے کارکنان اور ذمہ داران ان کی برابر سرپرستی اور عملی تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے رہے اور اب جب کہ وہ اپنے پروردگار کے حضور میں حاضر ہو چکے ہیں رابطہ ادب کے ذمہ داران ان کو یاد رکھے ہوئے ہیں، اور آج عالمی رابطہ ادب اسلامی کا یہ عظیم مکتب اقلیمی ان کی حیات وخدمات پر یہ اہم مجلس مذاکرہ منعقد کر رہا ہے۔

---

☆ ناظم اعلیٰ، دارالعلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ (انڈیا)۔

رابطہ ادب اسلامی کے برصغیر کے شعبہ میں میری جو ذمہ داری ہے، پھر حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ سے میرا جو تعلق ہے اس کی بناء پر میرے لئے واجب تھا کہ میں اس مجلس مذاکرہ میں لازماً حاضر ہوتا، اور میں نے اس کا وعدہ بھی کیا تھا، اور کوشش بھی کی، لیکن دشواریاں حائل ہوئیں، اور اب صرف علمی طور پر اس میں شرکت پر اکتفاء کرنا پڑ رہی ہے، میرا مضمون انشاء اللہ اس مذاکرہ کی کسی مجلس میں پیش ہوگا، اور مذاکرہ کے افتتاح کے موقع کے لئے میں اپنی تہنیت اور اظہار قدر کے یہ الفاظ پیش کررہا ہوں۔

محترم حضرات! ادب کا اسلام سے تعلق صرف اسی قدر سمجھا جاتا رہا ہے کہ اسلام نے اس کے محتاط اور پرہیزگار حصہ کی اجازت دی ہے، نیز اس کے ہمدردی کے شعر وادب کو عربی کے اسلامی مراجع، یعنی قرآن وحدیث کی عبارتوں کے مطالب کے تعین اور اس کی وضاحت میں مدد لینے کے لئے لائق مطالعہ واستفادہ قرار دیا ہے، لیکن یہ بات ایک عرصہ سے ذہنوں سے مخفی ہو رہی تھی کہ زندگی کے صالح اور قابل استفادہ حقائق کو دوسروں تک منتقل کرنے اور خیرخواہانہ وخیر پسندانہ ترجمانی کے کام میں ادب کیا عظیم خدمت انجام دے سکتا ہے اور دیتا رہا ہے، جس کی مثالیں خود کلام اللہ اور کلام رسول اللہ ﷺ میں ہم کو اعلیٰ پیمانے کی ملتی ہیں، اور اسلام کی شروع کی صدیوں میں اس پر عمل بھی ہوا ہے۔ انسانی زندگی صرف سطحی واقعات پر ہی مبنی نہیں ہوتی، وہ اپنے اندر احساسات وتأثرات کی ایک دنیا رکھتی ہے، اور اس میں خیرطلبی اور خیر پسندی کا بھی مزاج ودیعت کیا گیا ہے، اس کے لئے انسانوں کے مابین ایسی ترجمانی کی بھی ضرورت ہوتی ہے جس کے ذریعہ دل کی بات دل تک بحسن وخوبی منتقل ہوجائے، اس کے لئے ادب ایک بہت اچھا ذریعہ بنتا ہے۔

ہم تاریخ اسلام کے علم وثقافت کے سرمایہ کا گہری نظر سے جائزہ لیتے ہیں تو ہم کو جگہ جگہ بہت سے ایسے نمونے ملتے ہیں جو ادب کے قابل قدر سرمایہ میں شمار کئے جانے کے پورے مستحق ہیں، ہم کو ان سے بھی فائدہ اٹھانا چاہئے اور ادب نواز حضرات کے سامنے لانا چاہئے، حضرت مولانا ابوالحسن علی حسنی ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مضامین میں اس کی طرف توجہ بھی دلائی اور بذات خود بھی یہ کام انجام دیا، اور ان کے تعاون وفکرمندی سے رابطہ ادب اسلامی کا یہ عالمی

ادارہ وجود میں آیا اور سرگرم عمل ہوا اور الحمد للہ یہ آج برگ و بار لانے لگا ہے، ہمارے عالمی رابطہ ادب اسلامی کا اقلیم پاک کا یہ دفتر حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کو موضوع مذاکرہ بنا کر انہیں خراج عقیدت پیش کر رہا ہے، میں مولانا رحمۃ اللہ علیہ سے قریبی تعلق کی بناء پر اس اقلیم کے ذمہ داروں کو اپنا احساس تشکر پیش کرتا ہوں، اور اپنی مسرت اور قدر دانی کا اظہار کرتا ہوں۔ جزاکم اللہ خیر الجزاء، واعطاکم خیر مایعطی عبادہ الصالحین.

(۱۴۲۵/۲/۱۷ھ بمطابق ۲۰۰۴/۴/۸ء)

☆..................................☆

# عالمی رابطہ ادب اسلامی، پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ سیمی نارز

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | پاکستان میں عربی اور علوم اسلامیہ کی تدریس ''سیمینار بیاد پروفیسر عبدالقیوم'' | لاہور | 8 جنوری 1997ء | قومی |
| ۲ | حرمین شریفین کے سفرنامے: جدید تحدیات کے تناظر میں | لاہور | 24-25 اکتوبر 1997 | بین الاقوامی |
| ۳ | تعزیتی ریفرنس بیاد مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ | لاہور | 27 جنوری 2000ء | قومی |
| ۴ | تعزیتی ریفرنس بیاد مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ | فیصل آباد | یکم فروری 2000ء | قومی |
| ۵ | مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ: حیات و خدمات | فیصل آباد | 8 اپریل 2000ء | قومی |
| ۶ | تعارفی تقریب ''شاہ ولی اللہ کے دیس میں'' مصنف: مولانا مجاہد الحسینی | فیصل آباد | 5 جولائی 2000ء | مقامی |
| ۷ | تحریک آزادی اور ہجرت کے تناظر میں لکھے گئے ادب کا تجزیہ | فیصل آباد | 10 اگست 2000ء | مقامی |
| ۸ | ادب اقبال اور بیداری ملت | فیصل آباد | 15 نومبر 2000ء | قومی |
| ۹ | جہاد کشمیر، ادبی تناظر میں | فیصل آباد | 5 فروری 2001ء | مقامی |
| ۱۰ | سیرت نگاری کے ادبی زاویے | فیصل آباد | 5 جولائی 2001ء | قومی |
| ۱۱ | آزادی اور دفاع وطن۔ادب اور ادیب | فیصل آباد | 12 ستمبر 2001ء | مقامی |
| ۱۲ | تعزیتی ریفرنس بیاد مولانا عبدالرشید ارشدؒ | فیصل آباد | 13 ستمبر 2002 | مقامی |
| ۱۳ | مولانا نعیم صدیقیؒ: عظیم اسلامی ادیب اور عالم | لاہور | 28 جنوری 2003ء | قومی |
| ۱۴ | ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم: حیات و خدمات | لاہور | 26 مئی 2003ء | قومی |
| ۱۵ | ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم: حیات و خدمات | فیصل آباد | 5 جولائی 2003ء | قومی |
| ۱۶ | بچوں کا ادب (بتعاون روزنامہ ''اسلام'') | لاہور | 8 اگست 2003ء | قومی |
| ۱۷ | مولانا ابوالحسن علی ندوی، حیات و خدمات | اسلام آباد | 10-11 اپریل 2004ء | بین الاقوامی |